# پروگرام برؤخولآ



ہر قومیت کی

خواتین کے لئے

آپ کے خاندان میں آپ کے حقوق

آپ جسے سب سے زیادہ چاہتی ہیں اس کی حفاظت کے لئے

# خاندان کا دوبارہ ملاپ

- اگر آپ غیرملکی ہیں، تو آپ اپنے شوہر، اپنے 18 سال سے کم عمر بچوں یا اس سے زیادہ عمر کے معذور بچوں اور اپنے ماں/باپ جن کی عمر 65 سے زائد ہےکو یہاں بلا سکتی ہیں۔

- اپنے شوہر اور/یا اپنے بچوں کویہاں بلانے کے لئے آپ کے پاس مناسب مکان، حسب ضرورت مالی ذرائع، آپ کا دوسرا رہائشی اجازت نامہ اور، کچھ معاملات میں، اس بات کا ثبوت ہونا ضروری ہے کہ آپ نے ان کو رقم بھیجی ہے۔

- اگر آپ صرف اپنے بچے کویہاں بلاتی ہیں، اور اس کے والد کو نہیں بلاتی ہیں تو ممکن ہے کہ آپ کو یہ ثابت کرنا پڑے کہ بچے کی تولیت کی ذمہ داری آپ کے سر ہے اور یہ تعین کرنا ہوگا کہ آیا بچے کو اپنا ملک چھوڑنے کیلئے اس کے والد کی اجازت درکار ہے۔

- اپنی ماں/اپنے باپ کو یہاں بلانے کے لئے آپ کے پاس زیادہ عرصے تک قیام کا اجازت نامہ ہونا ضروری ہے، جس میں اس بات کی وضاحت بھی ضروری ہے کہ وہ آپ کے زیرکفالت ہیں ساتھ ہی اسپین میں آپ کے ساتھ رہنے کے لئے ان کے آنے کے اسباب بھی درج ہوں۔

- اگر آپ بھی فیملی ری گروپیشن پر یہاں آئی ہیں، تو آپ کو اور آپ کے شوہر یا 16 سال سے زائد عمر کے بچوں کو ری گروپیشن، ملاپ کے بعد اسپین میں کام کرنے کا حق حاصل ہے۔

# شوہر، ساتھی، یا بوائے فرینڈ کی جانب سے بدسلوکی

- اسپین میں، بدسلوکی میں شوہر، ساتھی، بوائے فرینڈ یا منگیتر کے ایسے تمام طرز عمل شامل ہیں جو عورت کو جسمانی یا نفسیاتی نقصان کا باعث ہوتے ہیں، خواہ وہ عورت اسپین کی ہو یا غیرملکی

- جو خواتین بدسلوکی کی شکار ہیں انہیں رپٹ درج کروانے ، قانونی صلاح و مشورہ اور نفسیاتی مدد حاصل کرنے اورایسی صورت میں مفت قانونی اور معاشی امداد حاصل کرنے کا حق حاصل ہے اگر ان کے پاس اپنے وسائل نہیں ہیں۔

- بدسلوکی کی رپٹ درج کروانے کے بعد، اگر جج اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ مزید جارحیت کا خطرہ ہے، تو وہ فوراً امتناعی حکم جاری کرے گا۔ یہ حکم مبینہ حملہ آور کو شکار خاتون اور اس کے گھر تک پہنچنے سے روکتا ہے۔

- بدسلوکی کی شکار خواتین اگر چاہیں تو اپنا وکیل بدلے بغیر ہی مبینہ حملہ آور سےعلیحدگی یا طلاق کی درخواست کر سکتی ہیں۔

- اگر بدسلوکی کی شکار کوئی ایسی خاتون ہے جو خاندان کے دوبارہ ملاپ( فیملی ری گروپیشن ) پر یہاں آئی ہے یا وہ غیرمستحکم صورت حال میں ہے، تو وہ خودمختار اورعارضی رہائشی اور کام کا اجازت نامہ حاصل کر سکتی ہے۔

# برؤخولآ پروگرام

# مفت مدد

Associació · Asociación
SALUD y FAMILIA

Via Laietana, 40, 3è 2a B · 08003 Barcelona
93 268 36 00
saludyfamilia@saludyfamilia.es
www.saludyfamilia.es

به تعاون:

GOBIERNO DE ESPAÑA
MINISTERIO DE SANIDAD Y POLÍTICA SOCIAL

POR SOLIDARIDAD
OTROS FINES DE INTERÉS SOCIAL

CAJA MADRID
OBRA SOCIAL

# ی صورت میں بچوں کے حقوق

● والدین میں سے جس کے پاس تولیت کی ذمہ داری نہیں ہوتی ہے اسے اپنے بچے کی ضروریات کی تکیمل کے اخراجات کے حصے کی بھرپائی کے لئے نان نفقہ کی ادائیگی کرنی ہوتی ہے۔ یہ ادائیگی لازمی ہے اور، اگر اس کی ادائیگی نہیں کی جاتی ہے، تو جج مقروض کی تنخواہ یا املاک ضبط کر سکتا ہے۔

● بچے کو والدین میں سے اسی کے پاس رہنا ہوتا ہے جس کے ذمہ تولیت ہے۔ والدین میں سے دونوں کے باہمی اتفاق کے بغیر والد اور والدہ دونوں میں سے کوئی بھی اپنے بچے کو کہیں نہیں لے جا سکتا ہے۔ اگر اس بات کا خطرہ ہے کہ گھر کا کوئی فرد بچے کو لے جا سکتا ہے، تو بچے کو اسپین چھوڑنے سے روکنے کے لئے جج سے تحفظ کی درخواست کی جا سکتی ہے۔

# والدین کے الگ ہو جانے ک

- سبھی بچوں کو یکساں حقوق حاصل ہیں، خواہ ان کے والدین شادی شدہ ہوں، عوامی قانون کے تحت ساتھی کی حیثیت سے رہتے ہوں یا وہ کبھی ایک ساتھ رہے ہی نہ ہوں۔

- اگر والد بچے کو اپنا بچہ تسلیم نہیں کرتا ہے، تو اسے اوپر مذکور بچے کے سلسلے میں کوئی حقوق حاصل نہیں ہوں گے نہ ہی اس کی کوئی ذمہ داری ہوگی

- والدین میں سے جو بھی بچوں کی دیکھ بھال خلوص کے ساتھ کرتا ہے اسی کو ان کی تولیت کی ذمہ داری سونپی جاتی ہے۔ والدین میں سے جو بچوں کے ساتھ رہتا ہے وہ خاندانی گھر میں رہ سکے گا، خواہ وہ اس کا/کی مالک ہو یا نہ ہو۔

- والدین میں سے جس کے پاس تولیت کی ذمہ داری نہیں ہوتی ہے اسے اپنے بچے کے ساتھ رہنے کے لئے ملاقات کے حقوق حاصل ہوتے ہیں اور یہ ان پر فرض ہوتا ہے۔

# یحدگی اور طلاق

جج کا حکم کن چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

- خاندانی گھر میں کون رہے گا۔
- بچوں کی تولیت کی ذمہ داری کس پر ہوگی
- بچوں کے ساتھ وقت گزارنے اور چھٹیاں گزانے کے حقوق اور بچوں کے ساتھ غیر ممالک کے سفر کی اجازت۔
- بچوں کے لئے نان ونفقہ۔
- زوجین کے درمیان معاشی عدم توازن کی صورت میں نان و نفقہ۔
- باہمی اتفاق کی صورت میں بچوں کی مشترکہ تولیت۔

اگر میں خاندان کے دوبارہ ملاپ )ری گروپیشن( کے ذریعہ اسپین آئی ہوں تو کیا ہوگا؟

آپ کے اسپین آنے کے بعد دو سال گزرنے سے پہلے اگر آپ الگ ہو جاتی ہیں یا آپ کو طلاق مل جاتی ہے، تو آپ کا رہائشی اجازت نامہ ختم ہو جائے گا، ماسوا اس کے کہ طلاق بدسلوکی کی وجہ سے ہوئی ہو۔ اگر آپ کے پاس ای ای اے (EEA) فیملی ویزا ہے، تو بحیثیت غیر ملکی آپ کی سرکاری حیثیت پر طلاق کا اثر پڑے گا۔

# اسپین میں علی

کب؟
شادی کے تین ماہ کے بعد علیحدگی یا طلاق کی درخواست دی جا سکتی ہے، اس سے قطع نظر کہ آپ ہسپانوی ہیں یا غیرملکی

کن وجوہات کی بناء پر؟
وجوہات بتانے یا الزام تراشی کی کوئی ضرورت نہیں ہے؛ شادی شدہ جوڑے کے طور پر نہ رہنے کی خواہش ہی کافی ہے۔

اگر میں شادی شدہ نہیں ہوں تو کیا ہوگا؟
اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں، لیکن آپ کے بچے ہیں، تو آپ درخواست دے سکتی ہیں کہ جج بچوں اور اس جوڑے کے اثاثوں پرعلیحدگی سے پڑنے والے اثرات کو کنٹرول کرے.

اس پر کارروائی کا کیا طریقہ ہے؟
آپ کو ایک تجربہ کار پرائیویٹ یا عدالت کے ذریعہ مقرر کردہ وکیل کی ضرورت ہے۔ اگر علاحدگی یا طلاق باہمی اتفاق سے ہوتی ہے، تو یہی وکیل آپ اور آپ کے ساتھی دونوں کے لئے کام کر سکتا ہے۔ باہمی اتفاق رائے نہ ہونے کی صورت میں، دونوں کا اپنا وکیل ہونا ضروری ہے۔

مفت، رازدارانہ اور شخصی ض